روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
الفضل
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
بدھ 22 دسمبر 2010ء 15 محرم 1432 ہجری 22 فتح 1389 ھش جلد 60-95 نمبر 259

خوف اور امید

حضرت عمرؓ ایک بار ایک تنکا اُٹھا کر کہنے لگے ''کاش میں اس تنکے کی طرح خس وخاشاک ہوتا۔ کاش میں پیدا ہی نہ ہوا ہوتا''۔ فرمایا کرتے ''اگر آسمان سے آواز آئے کہ صرف ایک آدمی جہنم میں جائے گا تو مجھے اس بات کا اندیشہ اور ڈر رہوتا کہ کہیں وہ ایک میں ہی تو نہیں ہوں اور اگر کسی ایک آدمی کے جنت میں جانے کی آواز آئے تو میں خدا تعالیٰ سے امید اور توقع کروں گا کہ شاید وہ میں ہی ہوں''۔

(ازالۃ الخفاء جلد2ص174,175)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ایک اور درجہ ہے جس کا نام ایتاء ذی القربیٰ ہے اور تفصیل اس کی یہ ہے کہ جب انسان ایک مدت تک احسانات الٰہی کو بلا شرکت اسباب دیکھتا رہے اور اس کو حاضر اور بلاواسطہ محسن سمجھ کر اس کی عبادت کرتا رہے تو اس تصور اور تخیل کا آخری نتیجہ یہ ہوگا کہ ایک ذاتی محبت اس کو جناب الٰہی کی نسبت پیدا ہو جائے گی کیونکہ متواتر احسانات کا دائمی ملاحظہ بالضرورت شخص ممنون کے دل میں یہ اثر پیدا کرتا ہے کہ وہ رفتہ رفتہ اس شخص کی ذاتی محبت سے بھر جاتا ہے جس کے غیر محدود احسانات اس پر محیط ہو گئے پس اس صورت میں وہ صرف احسانات کے تصور سے اس کی عبادت نہیں کرتا بلکہ اس کی ذاتی محبت اس کے دل میں بیٹھ جاتی ہے جیسا کہ بچہ کو ایک ذاتی محبت اپنی ماں سے ہوتی ہے۔ پس اس مرتبہ پر وہ عبادت کے وقت صرف خدا تعالیٰ کو دیکھتا ہی نہیں بلکہ دیکھ کر سچے عشاق کی طرح لذت بھی اٹھاتا ہے اور تمام اغراض نفسانی معدوم ہو کر ذاتی محبت اس کی اندر پیدا ہو جاتی ہے اور یہ وہ مرتبہ ہے جس کو خدا تعالیٰ نے لفظ ایتاء ذی القربیٰ سے تعبیر کی ہے اور اسی کی طرف خدا تعالیٰ نے اس آیت میں اشارہ کیا ہے فاذکروا الله .... غرض آیت ان اللہ یامر بالعدل .... کی یہ تفسیر ہے اور اس میں خدا تعالیٰ نے تینوں مرتبے انسانی معرفت کے بیان کر دیئے اور تیسرے مرتبہ کو محبت ذاتی کا مرتبہ قرار دیا اور یہ وہ مرتبہ ہے جس میں تمام اغراض نفسانی جل جاتے ہیں اور دل ایسا محبت سے بھر جاتا ہے جیسا کہ ایک شیشہ عطر سے بھرا ہوا ہوتا ہے اسی مرتبہ کی طرف اشارہ اس آیت میں ہے و من الناس من یشری .... یعنی بعض مومن لوگوں میں سے وہ بھی ہیں کہ اپنی جانیں رضاء الٰہی کے عوض میں بیچ دیتے ہیں اور خدا ایسوں ہی پر مہربان ہے۔

(نور القرآن نمبر2 روحانی خزائن جلد9 صفحہ439)

جلسہ سالانہ قادیان سے حضور انور کا خطاب

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز لندن سے جلسہ سالانہ قادیان کیلئے مورخہ 28 دسمبر 2010ء کو پاکستانی وقت کے مطابق سہ پہر 3:30 بجے اختتامی خطاب ارشاد فرمائیں گے۔ جو کہ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست نشر کیا جائے گا۔ احباب کرام نوٹ فرمالیں او راستفادہ فرمائیں۔

نصاب واقفین نو

سترہ سال سے زائد عمر کے واقفین نو/ واقفات نو کیلئے دو سالہ نصاب میں شش ماہی اول کیلئے درج ذیل نصاب مقرر ہے۔

1۔ قرآن کریم پارہ 17 نصف اول معہ ترجمہ (از حضرت میر محمد اسحٰق صاحب)
2۔ شمائل النبی ﷺ معہ اردو ترجمہ شائع کردہ نور فاؤنڈیشن
3۔ مسیح ہندوستان میں (حضرت مسیح موعود)
4۔ وفات مسیح

قرآن کریم اور احادیث کی روشنی میں امید ہے واقفین نو/ واقفات نو اس کی تیاری کر رہے ہوں گے۔ 9 جنوری 2011ء کو امتحان ہوگا۔ امتحانی پرچہ کے حصول کیلئے اپنے ضلع کے سیکرٹری صاحب وقف نو سے رابطہ رکھیں۔ مقامی سیکرٹریان بھی سیکرٹریان اضلاع کے ساتھ رابطہ میں رہیں۔

(وکیل وقف نو)

خصوصاً واقفین نو کے لئے

سیرۃ النبی ﷺ از شمائل الترمذی

قسط نمبر 15

ضحیٰ کی نماز

معاذہ کہتی ہیں میں نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا کیا نبی کریم ﷺ ضحیٰ کی نماز پڑھا کرتے تھے آپؓ نے فرمایا ہاں، آپؐ چار رکعتیں ادا کرتے اور اس سے زائد بھی جتنا اللہ تعالیٰ چاہتا۔

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ (کبھی) ضحیٰ کی چھ رکعات پڑھا کرتے تھے۔

عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کہتے ہیں کہ سوائے حضرت ام ھانیؓ کے مجھے کسی اور نے نہیں بتایا کہ اس نے رسول اللہ ﷺ کو ضحیٰ کی نماز پڑھتے دیکھا ہے۔انہوں نے بیان کیا کہ فتح مکہ کے دن رسول اللہ ﷺ ان کے گھر تشریف لائے اور غسل فرمایا اور آٹھ رکعات نوافل ادا کئے۔میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس سے زیادہ ہلکی نماز پڑھتے کبھی نہیں دیکھا باوجود اس کے آپؐ رکوع اور سجود پوری طرح ادا فرماتے۔

حضرت عبداللہ بن شقیقؓ کہتے ہیں میں نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا کیا نبی کریم ﷺ ضحیٰ کی نماز پڑھتے تھے؟ آپؓ نے فرمایا نہیں سوائے اس کے کہ آپؐ سفر سے لوٹے ہوں۔

حضرت ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کبھی ضحیٰ کی نماز (باقاعدگی سے) پڑھنے لگتے یہاں تک کہ ہم کہتے کہ آپؐ اسے کبھی نہ چھوڑیں گے پھر کبھی اسے ترک فرما دیتے یہاں تک کہ ہم کہتے کہ آپؐ اسے کبھی نہیں پڑھیں گے۔

حضرت ابوایوب انصاریؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ ہمیشہ زوال آفتاب کے بعد چار رکعتیں پڑھتے تھے۔میں نے عرض کی یا رسول اللہ! آپؐ ہمیشہ زوال آفتاب کے بعد چار رکعتیں پڑھتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: آسمان کے دروازے زوال آفتاب کے وقت کھولے جاتے ہیں اور ظہر کی نماز پڑھی جانے تک بند نہیں ہوتے۔اس لئے میں پسند کرتا ہوں کہ اس گھڑی میری کوئی نیکی آسمان کی طرف جائے میں نے عرض کی کیا ہر رکعت میں قراءت کی جائے۔فرمایا: ہاں میں نے عرض کیا دو رکعت پر فاصلہ ڈالنے کے لئے سلام پھیرا جائے؟ فرمایا نہیں۔

حضرت عبداللہ بن سائبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ زوال آفتاب کے بعد اور ظہر سے کچھ پہلے چار رکعتیں پڑھتے تھے۔اور آپؐ نے فرمایا: یہ وہ گھڑی ہے جس میں آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں اس لئے میں پسند کرتا ہوں کہ اس میں میرا کوئی نیک عمل اوپر جائے۔

حضرت علی کرّم اللہ وجھہٗ کے بارہ میں روایت ہے کہ وہ ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھتے تھے اور فرماتے تھے کہ نبی کریم ﷺ یہ (چار رکعات) زوال کے وقت پڑھتے تھے اور ان کو لمبا کرتے۔

نفل نماز گھر میں ادا کرنا

حضرت عبد اللہ بن سعدؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے اپنے گھر میں نماز پڑھنے اور مسجد میں نماز پڑھنے کے بارے میں پوچھا۔آپؐ نے فرمایا: تم دیکھتے ہو کہ میرا گھر مسجد سے کتنا قریب ہے مگر پھر بھی مجھے اپنے گھر میں نماز پڑھنا مسجد میں نماز پڑھنے سے زیادہ پسند ہے۔سوائے اس کے کہ فرض نماز ہو۔

رسول اللہ ﷺ کے

روزے کا بیان

حضرت عبداللہ بن شقیقؓ کہتے ہیں میں نے حضرت عائشہؓ سے رسول اللہ ﷺ کے روزوں کے متعلق پوچھا۔آپ نے فرمایا آپ ﷺ کبھی (مسلسل) روزے رکھتے یہاں تک کہ ہم کہتے آپؐ روزہ رکھتے چلے جائیں گے اور کبھی روزہ نہ رکھتے یہاں تک کہ ہم کہتے آپؐ روزہ نہیں رکھیں گے۔آپؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب سے مدینہ تشریف لائے سوائے رمضان کے کبھی پورا مہینہ روزے نہیں رکھے۔

حضرت انس بن مالکؓ سے نبی کریم ﷺ کے روزوں کے متعلق پوچھا گیا۔آپؓ نے فرمایا رسول اللہ ﷺ کسی ماہ مسلسل روزے رکھتے یہاں تک کہ ہم سمجھتے کہ آپؐ اس ماہ روزہ چھوڑنے کا ارادہ نہیں رکھتے۔اور کسی ماہ روزے نہ رکھتے یہاں تک کہ ہم خیال کرتے کہ اس ماہ آپؐ روزہ رکھنے کا ارادہ ہی نہیں رکھتے۔اور اگر تم چاہو کہ آپؐ کو رات کے وقت نماز پڑھتے ہوئے دیکھو تو تم نماز پڑھتے ہوئے دیکھ سکتے تھے اور اگر سوتے ہوئے دیکھنا چاہو تو سوتے ہوئے دیکھ سکتے تھے۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ (مسلسل) روزے رکھتے یہاں تک کہ ہم کہتے آپؐ اس ماہ روزہ چھوڑنے کا ارادہ ہی نہیں رکھتے اور کبھی آپؐ (مسلسل) روزہ نہ رکھتے یہاں تک کہ ہم کہتے کہ آپؐ روزہ رکھنے کا ارادہ ہی نہیں رکھتے اور جب سے آپؐ مدینہ تشریف لائے آپؐ نے سوائے رمضان کے کسی پورے مہینے میں روزے نہیں رکھے۔

حضرت ام سَلَمہؓ کہتی ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو مسلسل دو ماہ روزے رکھتے نہیں دیکھا سوائے شعبان اور رمضان کے۔

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو شعبان سے زیادہ کسی اور مہینے میں اللہ کی خاطر (یعنی نفلی) روزے رکھتے نہیں دیکھا۔آپ ﷺ شعبان کے اکثر حصہ میں روزہ رکھتے بلکہ قریباً سارا ماہ روزہ رکھتے۔

حضرت عبداللہ (بن مسعودؓ) سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہر ماہ کی چاندنی راتوں میں تین دن روزہ رکھتے تھے اور آپؐ جمعہ کے دن کم ہی بغیر روزے کے ہوتے تھے۔

(صَوْمُ الْاَیَّامِ الْغُرّ: یعنی چاندنی راتیں جو 13، 14 اور 15 تاریخ کو ہوتی ہیں)۔(نہایہ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ خاص طور پر سوموار اور جمعرات کا روزہ رکھتے تھے۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا سوموار اور جمعرات کو اعمال (خدا کے حضور) پیش کیے جاتے ہیں اس لئے میں پسند کرتا ہوں کہ اس حال میں میرے اعمال پیش ہوں کہ میں روزے دار ہوں۔

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کسی ماہ ہفتہ اتوار اور سوموار کو روزہ رکھتے اور کسی ماہ منگل بدھ اور جمعرات کو روزہ رکھتے۔

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے۔انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ شعبان سے زیادہ کسی اور مہینے میں روزے نہیں رکھتے تھے۔

مُعاذہ کہتی ہیں میں نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا کیا نبی کریم ﷺ ہر ماہ تین روزے رکھتے تھے؟ انہوں نے کہا: ہاں میں نے کہا: اس کے کس حصے میں آپؐ روزہ رکھتے تھے؟ آپؓ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ اس بات کی پرواہ نہ کرتے کہ کس حصے میں روزہ رکھ رہے ہیں۔

حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ زمانہ جاہلیت میں قریش عاشورہ کے دن روزہ رکھتے تھے اور رسول اللہ ﷺ بھی (اس دن) روزہ رکھ لیتے تھے۔پھر جب آپؐ مدینہ تشریف لائے آپ ﷺ نے عاشورہ کا روزہ رکھا اور اس کے رکھنے کا حکم دیا۔پھر جب رمضان فرض ہوا تو رمضان کے روزے فرض ہو گئے اور عاشورہ کا روزہ ترک کر دیا گیا پس جس نے چاہا اسے رکھا اور جس نے چاہا اسے ترک کر دیا۔

علقمہ کہتے ہیں میں نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ بعض ایام کو (عبادت کے لئے) مخصوص فرما لیا کرتے تھے؟ آپؓ نے فرمایا رسول اللہ ﷺ کے اعمال تو دائمی تھے اور کون تم میں اس کی طاقت رکھتا ہے جس کی طاقت رسول اللہ ﷺ کو حاصل تھی۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ میرے گھر تشریف لائے۔میرے پاس ایک عورت تھی۔آپؐ نے فرمایا یہ کون ہے؟ میں نے کہا: فلاں عورت ہے جو رات بھر نہیں سوتی۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چاہیے کہ تم اُسی قدر اعمال بجالاؤ جس کی تمہیں طاقت ہو۔اللہ کی قسم اللہ نہیں تھکتا ہاں تم تھک جاتے ہو۔(حضرت عائشہؓ کہتی ہیں) رسول اللہ ﷺ کو وہ عمل زیادہ پسند تھے جس پر عمل کرنے والا باقاعدگی اختیار کرے۔

ابو صالح کہتے ہیں میں نے حضرت عائشہؓ اور حضرت ام سَلَمہؓ سے پوچھا کونسا عمل رسول اللہ ﷺ کو زیادہ پسند تھا؟ انہوں نے بتایا جس پر مداومت اختیار کی جائے خواہ وہ تھوڑا ہو۔

حضرت عوف بن مالکؓ کہتے ہیں ایک رات میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا۔آپؐ نے مسواک کی پھر وضوء کیا اور نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہو گئے۔میں بھی آپؐ کے ساتھ کھڑا ہو گیا۔آپؐ نے نماز شروع کی اور سورہ بقرہ کی تلاوت کرنے لگے۔آپؐ جب کسی رحمت والی آیت پر سے گزرتے وہاں رک جاتے اور اُس (رحمت) کے طالب ہوتے اور جب عذاب کی آیت پر سے گزرتے وہاں رک جاتے اور (اُس سے) پناہ مانگتے۔پھر آپؐ نے رکوع کیا اور رکوع میں رہے جتنا قیام میں رہے تھے۔آپؐ رکوع میں کہتے پاک ہے اللہ جو بڑے غلبے والا اور بڑی حکومت والا اور کبریائی والا اور عظمت والا ہے۔پھر آپؐ نے رکوع کے برابر سجدہ کیا اور اپنے سجدوں میں کہا پاک ہے اللہ جو بڑے غلبے والا اور بڑی حکومت والا اور کبریائی اور عظمت والا ہے۔پھر آپؐ نے آل عمران کی تلاوت فرمائی پھر (ہر رکعت میں) ایک ایک سورت اسی طرح تلاوت فرماتے رہے۔

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

حضرت مسیح موعود کی ایک عظیم کتاب۔آئینہ کمالات......(دوسرا نام) دافع الوساوس

پس منظر و پیش منظر، عظیم قصیدہ اور سعید روحوں کی فتوحات کا تذکرہ

قسط دوم آخر

عبدالسمیع خان

حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی کی بیعت

حضرت مولوی غلام رسول صاحب راجیکی وفات 15 دسمبر 1963ء اپنی بیعت کی تقریب کا واقعہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

موضع گولیکی میں مثنوی مولانا روم پڑھتے ہوئے جب میں چوتھے دفتر تک پہنچا تو ایک دن ظہر کی نماز کے بعد میں اور مولوی امام الدین صاحب مسجد میں بیٹھے ہوئے کسی مسئلہ کے متعلق گفتگو کررہے تھے کہ حسن اتفاق سے پولیس کا ایک سپاہی نماز کے لئے اس مسجد میں آنکلا مولوی صاحب نے جب اس کے صافہ میں بندھی ہوئی کتاب دیکھی تو آپ نے پڑھنے کے لئے اسے لینا چاہا مگر اس سپاہی نے آپ کو روک دیا۔ مولوی صاحب نے وجہ دریافت کی تو اس نے کہا کہ یہ کتاب جس بزرگ ہستی کی ہے وہ میرے پیشوا ہیں ہوسکتا ہے کہ تم لوگ اسے پڑھ کر میرے پیشوا کو برا بھلا کہنے لگ جاؤ جسے میری غیرت برداشت نہیں کرسکے گی۔ مولوی صاحب نے کہا آپ بے فکر رہئے ہم آپ کے پیشوا کے متعلق کوئی برا لفظ زبان پر نہیں لائیں گے۔ تب اس سپاہی نے کہا کہ اگر یہ بات ہے تو آپ بڑی خوشی سے اس کتاب کو دیکھ سکتے ہیں بلکہ تین چار روز کے لئے اپنے پاس رکھ سکتے ہیں کیونکہ اس وقت میں تعمیلات کے لئے بعض دوسرے دیہات کے دورہ پر جارہا ہوں واپسی پر یہ کتاب آپ سے لے لوں گا۔ چنانچہ مولوی صاحب نے وہ کتاب سنبھال لی اور جاتے ہوئے گھر ساتھ لے گئے۔ دوسرے دن جب میرا کسی کام سے مولوی صاحب کے یہاں جانا ہوا تو میں نے وہی کتاب جو سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کی تصنیف لطیف آئینہ کمالات اسلام تھی حضور اقدس کی چند نظموں کے اوراق کے ساتھ مولوی صاحب کی بیٹھک میں دیکھی جب میں نے نظموں کے اوراق پڑھنے شروع کئے تو ایک نظم اس مطلع سے شروع پائی۔ ؎

عجب نوریست در جان محمدؐ
عجب لعلیست در کان محمدؐ

میں اس نظم نعتیہ کو اول سے آخر تک پڑھتا گیا مگر سوز وگداز کا یہ عالم تھا کہ میری آنکھوں سے بے اختیار آنسو جاری ہورہے تھے۔ جب میں آخری شعر پر پہنچا کہ ؎

کرامت گرچہ بے نام و نشاں است
بیا بنگر ز غلمان محمدؐ

تو میرے دل میں تڑپ پیدا ہوئی کہ کاش ہمیں بھی ایسے صاحب کرامات بزرگوں کی صحبت سے مستفیض ہونے کا موقع مل جاتا۔ اس کے بعد جب میں نے ورق الٹا تو حضور اقدس کا یہ منظومہ گرامی تحریر پایا۔ ؎

ہر طرف فکر کو دوڑا کے تھکایا ہم نے
کوئی دیں دین محمدؐ سا نہ پایا ہم نے

اب مجھے انتظار تھا کہ مولوی امام الدین صاحب اندرون خانہ سے بیٹھک میں آئیں تو میں آپ سے اس پاکیزہ سرشت بزرگ کا حال دریافت کروں۔ چنانچہ جب مولوی صاحب بیٹھک میں آئے تو میں نے آتے ہی دریافت کیا کہ یہ منظومات عالیہ کس بزرگ کے ہیں اور آپ کس زمانہ میں ہوئے ہیں۔ مولوی صاحب نے مجھے بتایا کہ یہ شخص مولوی غلام احمد ہے جو مسیح اور مہدی ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اور قادیان ضلع گورداسپور میں اب بھی موجود ہے۔ اس پر سب سے پہلا فقرہ جو میری زبان سے حضور اقدس کے متعلق نکلا وہ یہ تھا کہ دنیا بھر میں اس شخص کے برابر کوئی رسول اللہ ﷺ کا عاشق نہیں ہوا ہوگا۔ اس کے بعد پھر میں نے حضور اقدس کے مطائبات و منظومات پڑھنے شروع کردیئے۔

ان ارشادات عالیہ کے پڑھتے ہی مجھے حضور اقدس کے دعویٰ عیسویت اور مہدیت کی حقیقت معلوم ہوگئی اور میں نے 1897ء میں غالباً ماہ ستمبر یا اکتوبر میں بیعت کا خط لکھ دیا مطالعہ سے یوں معلوم ہوا جیسے میں ایک تاریک دنیا سے نکل کر روشنی کے عالم میں آگیا ہوں۔

(حیات قدسی جلد اول ص 19,16 مطبوعہ رفیق مشین پریس حیدرآباد دکن 20 جنوری 1951ء)

حضرت حافظ سید مختار احمد صاحب شاہجہانپوری کی بیعت

حضرت حافظ سید مختار احمد صاحب شاہجہانپوری (بیعت 1892ء۔ وفات 8 جنوری 1969ء) فرماتے ہیں:۔

"محمد خان صاحب کپورتھلہ کے ایک بھائی پھوپھی زاد رسالدار میجر بہادر عبدالکریم خان شاہجہانپوری میں تھے۔ محمد خان نے ان کو دعوت الی اللہ کی اور حضرت صاحب کا تذکرہ ان تک پہنچایا۔ عبدالکریم خان کی نظر میں اس وقت کوئی عالم حافظ سید علی میاں کے برابر نہیں تھا۔

محمد خان صاحب کو بہت تعجب ہوا کہ اچھا یہ اتنے بڑے عالم ہیں کہ جن پر آپ کو اتنا اطمینان اور اعتماد ہے۔ اچھا میں کچھ کتابیں دیتا ہوں آپ کسی کتاب کا ان سے رد لکھائیں حسب وعدہ وہ کتابیں انہوں نے شاہجہانپور بھیجیں۔ یہ 1892ء کی بات ہے، فتح اسلام، توضیح مرام، ازالہ اوہام ان کے علاوہ چھوٹے چھوٹے چند رسائل اور بھی تھے...... میں اس بیان سے کچھ عرصہ قبل بریلی میں اندرمن مرادآبادی کی کتابوں میں چند اعتراضات پڑھ چکا تھا ان میں سے بعض اعتراض مجھے بہت بے چین کرنے کا موجب ہوئے۔ میں نے اپنے اس زمانے کی حالت کے مطابق بہت کوشش کی کہ مجھے اس کا صحیح حل معلوم ہوجائے کتابیں بھی بحث مباحثات کی جو اندرمن مرادآبادی اور مولوی محمد علی ساکن بچھراؤں ضلع مرادآباد کی تصنیف سے تھیں۔ اسی غرض سے دیکھیں مگر تسلی بخش بات مجھے معلوم نہ ہوئی۔ جب محمد خان صاحب کی بھیجی ہوئی کتابیں عبدالکریم خان صاحب رسالدار میجر بہادر کے پاس پہنچیں تو وہ اس وقت میرے مکان پر تھے اور میرا ایک پاؤں جو کسی عارضہ کی وجہ سے سن ہوگیا تھا مل رہے تھے خادم نے اطلاع دی تو انہوں نے کتابیں منگوائیں جو ایک بورے میں تھیں۔ میں چونکہ ابتداء عمر سے مذاہب مختلفہ کی کتابیں دیکھنے کی عادت رکھتا تھا اس لئے میں نے بہت شوق کے ساتھ وہ کتابیں اپنے قریب ایک سٹول پر رکھوائیں اور اپنے ہاتھ سے اس کی ستلی کاٹی اور بورا کھولا سب سے پہلے جن اوراق پر میرا ہاتھ پڑا وہ آئینہ کمالات اسلام کے اجزا تھے کتاب بالکل تازہ چھپی ہوئی تھی جس سے روشنائی کی بو آتی تھی اور ابھی خشک بھی نہیں ہونے پائی تھی۔

سب سے پہلے جو صفحہ میرے سامنے آیا اس پر اسی اعتراض کا جواب تھا میں نے وہیں سے پڑھنا شروع کردیا اور آخر تک پڑھ گیا اور مجھے وہ راحت، فرحت اور سرور حاصل ہوا جو الفاظ میں بیان نہیں ہوسکتا جو صاحب اس سے حصہ لینا چاہیں وہ اس موقعہ کو پڑھیں۔ اس مضمون نے میرے دل میں یہ امر راسخ کردیا کہ صاحب مضمون نبی کریم ﷺ کے ساتھ عشق کے اس درجہ پر پہنچے ہوئے ہیں جس کی نظیر موجودہ لوگوں میں نہیں مل سکتی **صرف اسی ایک بات نے مجھے آپ کو راستباز اور صادق مان لینے پر مجبور کردیا۔** میری راہ میں نہ تو حیات وممات کا مسئلہ حارج ہوا اور نہ نزول کا۔ میں اسی وقت سے اپنے آپ کو آپ کے حلقہ بگوشوں میں شمار کرنے لگا اور پھر میں نے آئینہ کمالات اسلام کے وہ باقی اجزا جن کا میں ذکر کرچکا ہوں از اول تا آخر پڑھے انہوں نے میرے خیالات کو بہت پختہ کردیا کیونکہ وہ ساری کی ساری کتاب نبی کریم ﷺ کے محامد اور اوصاف سے پُر ہے۔ اسی رنگ میں کہ نہ اس سے **پہلے میں نے یہ انداز کسی کی تصنیف میں پایا اور نہ اس کے بعد**"۔

(رجسٹر روایات نمبر 13 ص 94,92)

حضرت ابوسعید عرب صاحب

16 دسمبر 1902ء کو ظہر کے وقت مولوی عبدالکریم صاحب نے جناب ابوسعید عرب صاحب تاجر برنج رنگون برما کے حالات حضرت مسیح موعود کو سنائے جن کا خلاصہ یہ تھا کہ اول اول عرب صاحب ایک بڑے آزاد مشرب اور نیچریت کے رنگ میں رنگے ہوئے تھے پھر کتاب آئینہ کمالات اسلام کسی طرح ان کی نظر سے گزری تو اس نے اس سلسلہ کی طرف توجہ دلائی اور حقیقت ان پر منکشف ہوئی۔ حضور خود عرب صاحب سے ان کے حالات دریافت کرتے رہے اور پوچھا کہ آپ کتنے دن تک رہ سکتے ہیں۔ عرب صاحب نے بیان کیا کہ میں نے کلکتہ سے سیکنڈ کلاس کا واپسی کا ٹکٹ لیا ہے جس کی میعاد جنوری 1903ء تک ہے حضرت اقدس نے فرمایا کہ:۔

میری بڑی خوشی ہے کہ آپ اس دن تک ٹھہریں جب تک کہ ٹکٹ اجازت دیتا ہے۔

اس پر عرب صاحب نے بڑی نیازمندی سے عرض کی کہ کرایہ کی فکر نہیں میں زیادہ بھی ٹھہر سکتا ہوں۔ پھر عرب صاحب اپنی مذہبی زندگی کی کیفیت حضرت اقدس کو سناتے رہے کہ میں اس مشرب کا آدمی تھا کہ خدا کے وجود پر بھی ایمان نہ تھا یہی خیال تھا کہ کھانا ہے اور کمانا ہے۔ آئینہ

کمالات اسلام نے آخر اس غلطی سے نجات دے کر حضور کی محبت کا تخم دل میں جمایا۔
(ملفوظات جلد 2 ص 578)

آسمانی عربی

ڈاکٹر عبدالعزیز اخوند لکھتے ہیں۔
عدن میں ہم دعوت الی اللہ کرتے تھے۔ لیکن عربوں کو اپنے عربی ہونے پر بڑا ناز تھا۔ خدا کا شکر ہے جلد ہی ایک عربی عالم احمدی ہو گیا حضرت مسیح موعود کی کچھ عربی تصانیف اس نے مطالعہ کی تھیں اور خود ہی حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کو بیعت کا خط لکھ دیا۔
میں نے ”آئینہ کمالات اسلام“ کا عربی حصہ کتابی صورت میں شائع کر کے عربوں میں تقسیم کیا تھا۔ کئی عربوں نے مجھے کہا کہ یہ کس کی عربی ہے؟ **یہ تو آسمانی عربی ہے زمین پر ایسی عربی کوئی نہیں لکھ سکتا۔**
(نشان کبیر ص 49 احمد اکیڈمی ربوہ)

السید محمد سعیدی صاحب

جس طرح دنیا کے مقدس ترین شہر مکہ معظمہ سے پہلے حضرت محمد بن احمد مکی کو طائف سے عثمان عرب صاحب کو امام الزمان پر ایمان لانے کی سعادت نصیب ہوئی اسی طرح شام کے اول المبائعین ”السید العالم التقی محمد سعیدی الطرابلسی اشار الحمیدانی“ تھے۔
(تحفہ بغداد صفحہ 16 طبع اول)
آپ نہایت درجہ بزرگ اور نابغہ روزگار عالم تھے اور فخر الشعراء اور مجدد الادباء کے خطاب سے یاد کئے جاتے تھے۔
(الانصاف بین الاحباء مطبوعہ پنجاب پریس ص 1)
آپ اپنے وطن سے بذریعہ بحری جہاز پہلے کراچی پہنچے بعد ازاں کرنال میں اپنے حلقہ احباب میں قیام کیا پھر بغرض علاج دہلی چلے گئے اور حکیم محمد اجمل خاں دہلوی کے زیر علاج رہے اور شفایاب ہونے کے بعد اسی شہر کے مشہور مدرسہ فتح پوری میں علوم عربیہ میں فرائض تدریس بجالانے لگے کہ اسی دوران انہیں ڈیرہ دون میں حضرت حافظ محمد یعقوب صاحب نے آئینہ کمالات اسلام سے حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کا آنحضرتؐ کی شان اقدس میں مطبوعہ نعتیہ عربی قصیدہ دکھلایا جسے پڑھ کر آپ بے ساختہ پکار اٹھے کہ **عرب بھی اس سے بہتر کلام نہیں لاسکتے خدا کی قسم میں ان اشعار کو حفظ کروں گا۔**
(رسالہ سچائی کا اظہار صفحہ 6,5 طبع اول مطبوعہ مئی 1893ء)
ازاں بعد آپ کو سیالکوٹ جانے کا اتفاق ہوا جہاں حضرت حکیم میر حسام الدین صاحب نے انہیں آئینہ کمالات کے عربی حصہ کا رد لکھنے پر ایک ہزار روپیہ انعام دینے کا وعدہ کیا۔ اس وقت حضرت مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی بھی موجود تھے جن سے حضرت السید محمد سعید نے حضرت اقدس کی شخصیت کے بارہ میں معلومات حاصل کیں اور قادیان حاضر ہو گئے۔
(ایقاظ الناس عربی ص 4,3 مطبوعہ مطبع ریاض ہند امرتسر اشاعت رجب 1311ھ مطابق جنوری 1894ء)
آپ قریباً سات ماہ تک قادیان میں تحقیق و تفحص میں مصروف رہے حضرت اقدس کو نہایت قریب سے دیکھا اور حضور کے علمی فیضان سے متمتع ہوئے اور بالآخر بعض مبشر رویا کی بناء پر سلسلہ احمدیہ میں داخل ہو گئے اور ساتھ ہی آپ میں ایسا علمی و روحانی انقلاب برپا ہوا کہ نہایت درجہ فصیح و بلیغ پہلے ایک رسالہ السید عبدالرزاق قادری بغدادی مقیم حیدرآباد دکن ”الانصاف بین الاحباء“ کے نام سے شائع کیا جس میں نہایت شاندار رنگ میں انہیں تحریک احمدیت اور حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے دعاوی سے متعارف کرایا ازاں بعد رسالہ ”ایقاظ الناس“ شائع کر کے دعوت الی اللہ کا حق ادا کر دیا۔ یہ حقائق و براہین سے لبریز رسالہ بڑی تقطیع کے 72 صفحات اور پانچ فصلوں میں مشتمل تھا۔
حضرت مسیح موعود نے کرامات الصادقین (صفحہ 16 طبع اول) اور ”نور الحق“ حصہ اول صفحہ 23,22 (مطبوعہ جنوری 1894ء) میں ان معرکہ آرا عربی تالیف کا تذکرہ فرمایا اور ان کے پُر از معلومات اور مسکت دلائل اور معارف کو نہایت روح پرور الفاظ میں خراج تحسین ادا کیا جو پڑھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں انہیں 313 رفقاء کبار میں شامل کرنے کا بھی اعزاز بخشا۔
(الفضل 21 جولائی 2001ء)

حضرت عبدالحی عرب صاحب

حضرت ملک مولا بخش صاحب رفیق حضرت مسیح موعود بیان کرتے تھے کہ ایک صاحب عبدالحی عرب قادیان میں بہت دیر رہے تھے۔ انہوں نے ایک دن مجھے امرتسر میں بتایا کہ میں نے حضرت مسیح موعود کی ایک عربی تصنیف التبلیغ جو آئینہ کمالات اسلام کے ساتھ چھپی ہوئی ہے پڑھی۔ تو وہ عربی پڑھ کر میں نے کہا کہ ایسی فصیح عربی تو ایک عرب بھی نہیں لکھ سکتا۔ چہ جائیکہ ایک عجمی لکھے۔ اگر یہ عربی حضرت مرزا صاحب کی ہی لکھی ہوئی ہے تو وہ ضرور مامور من اللہ ہیں اور کہا کہ میں اس امر کی تحقیق کے لئے قادیان آیا اور حضرت صاحب سے دریافت کیا کہ کیا یہ آپ کی لکھی ہوئی کتاب ہے؟ فرمایا ہاں۔ اللہ کے فضل سے میں نے ہی لکھی ہے۔ میں نے کہا کہ اگر آپ ایسی عربی مجھے لکھ کر دکھلا دیں تو میں آپ کو صادق مامور من اللہ تسلیم کر لیتا ہوں۔ اللہ! اللہ! حضور نے کیا پاک جواب دیا۔ اگر کوئی غیر مامور ہوتا تو جھٹ لکھنے بیٹھ جاتا۔ حضور نے جواب دیا کہ یہ جو آپ طلب کرتے ہیں یہ ایک اقتراحی معجزہ ہے۔ جو سنت انبیاء کے خلاف ہے۔ میں ایسا نہیں کر سکتا۔ میں تو تب ہی لکھتا ہوں جب میرا خدا مجھ سے لکھواتا ہے۔ پھر عرب صاحب نے مہمان خانہ میں بیٹھ کر ایک عربی خط لکھ کر حضور سے چند باتیں پوچھیں حضور نے عربی میں جواب دیا تو عرب صاحب کی تسلی ہو گئی اور بیعت کر لی۔
(رفقائے احمد جلد 1 ص 141)

حضرت سید غلام حسین شاہ صاحب

حیدرآباد دکن کے بزرگ رفیق حضرت مولوی سید میر محمد سعید صاحب کے ذریعہ ایک چشتی بزرگ جناب غلام حسین شاہ صاحب کو پیغام حق پہنچا تو انہوں نے حضرت مسیح موعود کی خدمت میں حسب ذیل مکتوب ارسال کیا جو عشق و فدائیت کے جذبات سے لبریز تھا۔
”امید گاہ طالبان تجلیات اللہ الصمد حضرت مولانا مولوی مرزا غلام احمد صاحب مداللہ فیوضکم ...... ایک عرصہ سے یہ خاک پائے فقراء حضرت کے اوصاف حمیدہ و حالات پسندیدہ بذریعہ محبی فی اللہ جناب مولوی میر محمد سعید صاحب سن سن کر اور حضرت کی بعض تصانیف مثل آئینہ کمالات اسلام وغیرہ کے چند مضامین دیکھ دیکھ کر سراپا اشتیاق ہو گیا ہے۔
اگرچہ عمر کا اکثر حصہ اسی شوق و ذوق میں گزر گیا اور صالحین کی خدمت کرتے ہوئے کٹی لیکن الحمد للہ کہ اس عمر ضعیفی میں بھی ...... وہی شوق نوجوانی پر ہے فقیر نے توفیق ایزدی طریقہ نقشبندیہ کا سلوک اپنے پیر شفیق (اللھم اغفرلہ وارحمہ) کی بزرگانہ توجہ سے طے کیا ...... اب حضرت کی توجہ سے امید ہے کہ فقیر کو اس مقام سے آگے ترقی دلا کر کشوف عیانی سے بہرہ ور فرمائیں گے تا عین الیقین نصیب ہو۔ البتہ فقیر علوم رسمی سے بالکل عاری ہی رہ گیا لیکن صالحین کا فیض صحبت اور مدتوں کی خادمانہ قربت نے فقیر کو عقائد اہلسنت و جماعت کی پختگی اور فرائض احکام ضروری کے معلومات سے بے بہرہ نہیں چھوڑا ...... اب رات دن یہی تلاش و جستجو ہے کہ ہادی مطلق وہ دن لائے کہ کسی آپ جیسے برگزیدہ کامل و مکمل بزرگ کا دامن دولت نصیب کر کے اس محبت میں کمال عطا فرمائے اور اپنا شیفتہ و گرویدہ بنا کر محض اپنے دین کے کام کر دے“۔ (الفضل 28 مئی 2005ء)
اس مکتوب کے لفظ لفظ سے یہ حقیقت نمایاں ہوتی ہے کہ محبت الٰہی کا لازوال خزانہ مامور ربانی کے آستانہ ہی سے حاصل ہو سکتا ہے اور یہی مقصد بعثت حضرت مسیح موعود کا تھا۔ آپ اپنے فارسی اشعار میں فرماتے ہیں:۔ (ترجمہ)
میں اس لئے آیا ہوں کہ صدق کی راہ کو روشن کروں اور دلبر کے پاس اسے لے چلوں جو نیک و پارسا ہو۔ میں اس لئے آیا ہوں کہ علم و رشد کا دروازہ کھولوں اور زمین والوں کو آسمان کی باتیں دکھلا دوں۔

حضرت سیٹھ اسماعیل آدم صاحب آف بمبئی

(ولادت 1873ء۔ بیعت 1896ء۔ وفات 7 دسمبر 1957ء)
حضرت سیٹھ صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔
”میں 1893ء میں پنجاب کے اردو اخبارات میں حضرت مسیح موعود کے خلاف مضامین دیکھ کر اس طرف متوجہ ہوا کہ یہ صاحب مدعی مہدویت و مسیحیت کون ہیں ان کی تعلیم کیا ہے۔ ان کا دعویٰ کیا ہے کہ سچ مچ وہ مہدی آخر الزمان اور مسیح ابن مریم ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ یا اخبارات محض دشمنی سے ایسے مضامین لکھ رہے ہیں۔ پہلے میں نے زبانی طور سے اسے اپنے حلقہ احباب میں تحقیق اور تفتیش شروع کی۔ مگر پھر خیال کیا کہ زبانی باتوں سے تسلی نہیں ہو گی۔ بہتر ہے کہ ان کی تصنیفات دیکھوں۔ اس لئے براہین احمدیہ سے لے کر آئینہ کمالات اسلام تک کی تمام تصنیفات بذریعہ وی۔ پی منگوا کر پڑھیں۔ لیکن ان کتابوں کے پڑھنے میں سستی اور غفلت کی وجہ سے ڈیڑھ دو سال کا عرصہ گزر گیا۔ آخر دل نے گواہی دی کہ یہ شخص سچا ہے۔
اس کے بعد آپ نے جولائی، اگست 1896ء میں تحریری بیعت کر لی۔ 1898ء میں پہلی بار قادیان آئے اور شرف زیارت حاصل کیا۔
(تاریخ احمدیت جلد 19 ص 667,664)

حضرت ڈاکٹر محمد اسماعیل صاحب گوڑیانی

حضرت شیخ برکت علی عرائض نویس مرحوم ضلع ہوشیار پور رفیق حضرت مسیح موعود بیان کرتے ہیں کہ:
جب حضرت مسیح موعود کی کتاب آئینہ کمالات اسلام ڈاکٹر محمد اسماعیل خاں صاحب گوڑیانی کو پہنچی تو آپ فرصت کے وقت اس کتاب کا مطالعہ کیا کرتے تھے۔ ایک روز دوران مطالعہ آئینہ کمالات اسلام کے جبکہ ڈاکٹر صاحب موصوف بوقت دن لیٹے لیٹے کتاب کا مطالعہ کر رہے تھے۔ ڈاکٹر صاحب نے خیال کیا کہ جبکہ انہوں نے اس کتاب کے مطالعہ سے یہ تسلیم کر لیا کہ حضرت مسیح موعود

اپنے دعویٰ میں سچے ہیں تو ظاہری بیعت کی کیا ضرورت ہے۔ ڈاکٹر صاحب موصوف نے بیان کیا کہ وہ اسی حالت میں سو گئے اور کتاب آئینہ کمالات اسلام ان کے سینہ پر رکھی ہوئی تھی۔ انہوں نے اسی حالت نیند میں خواب میں دیکھا کہ ایک بیت الذکر کی محراب میں حضرت مرزا صاحب غلام احمد قادیانی نماز پڑھ رہے ہیں اور ڈاکٹر صاحب انتظار میں بیٹھے ہیں کہ حضرت نماز ختم کرلیں تو آپ سے ملاقات کروں۔ نماز ختم کرنے کے بعد حضرت مرزا صاحب نے ڈاکٹر صاحب سے ملاقات کی اور ڈاکٹر صاحب سے بیعت لی۔ بعد بیعت ڈاکٹر صاحب موصوف کو بیت الذکر کے صحن میں لے گئے اور اپنے سامنے کھڑا کرلیا۔ ڈاکٹر صاحب نے بیان کیا کہ جب حضرت مسیح موعود نے ڈاکٹر صاحب کو اپنے سامنے کھڑا کیا ہوا تھا تو حضرت مرزا صاحب کے ہاتھ میں ایک چمکتی ہوئی تلوار تھی۔ جب حضرت مرزا صاحب اس تلوار کو حرکت دیتے تھے تو اس میں سے چمک نکلتی تھی۔ جب چمک نکلتی تھی تو ڈاکٹر صاحب کے جسم میں سے ایک بت نکل کر الگ کھڑا ہو جاتا تھا۔ اس بت کو حضرت مرزا صاحب اس تلوار سے قتل کر دیتے تھے۔ بعد قتل کر دینے کے فرماتے تھے کہ یہ تکبر کا بت تھا۔ پھر تلوار کی چمکار سے ایک اور بت ڈاکٹر صاحب کے جسم سے الگ ہو کر کھڑا ہو جاتا تھا پھر حضرت مرزا صاحب اس کو قتل کر دیتے تھے اور فرماتے کہ یہ شرک کا بت تھا غرضیکہ بیان کیا ڈاکٹر صاحب موصوف نے کہ بیشمار بت ان کے جسم سے حضرت مرزا صاحب کی تلوار کی چمک سے الگ ہوئے اور حضرت کی تلوار نے قتل کئے کوئی ریاکاری کا بت تھا۔ کوئی رسم و رواج کا بت تھا۔ کوئی برادری اور قومیت کا بت تھا وغیرہ وغیرہ۔

ڈاکٹر صاحب موصوف نے فرمایا کہ بعد بیداری انہوں نے حضرت مرزا صاحب کی خدمت میں یہ خواب بذریعہ خط تحریر کیا۔ حضرت مرزا صاحب نے جواب میں آپ کو تحریر فرمایا کہ آپ کی بیعت روحانی طور پر تو ہوگئی۔ کسی وقت ظاہری بیعت سے بھی آکر مشرف ہو جائیں۔ اس کے بعد حضرت ڈاکٹر صاحب جماعت کے جاں نثاروں میں تازیست شامل رہے اور آپ کی وفات گوڑیانی میں 1900 میں واقع ہوئی۔

(بشارات رحمانیہ جلد2 ص118)

حضرت مولوی ابوالحسن بزدار صاحب

حضرت مسیح موعود کا جب دلی میں نکاح ہوا تو اس وقت حضرت مولوی ابوالحسن صاحب بزدار وہاں بخاری شریف پڑھتے تھے اور اسی محلہ میں مقیم تھے جہاں حضرت میر ناصر نواب صاحب کا مکان تھا۔ ابتداءً ازالہ اوہام اور آئینہ کمالات اسلام کا مطالعہ کیا جن سے سب ہی شکوک دور ہوگئے اور بذریعہ خط بیعت کرلی۔ دسمبر 1900ء میں پہلی مرتبہ قادیان گئے اور دستی بیعت سے مشرف ہوئے۔ قادیان سے واپسی کے بعد دریائے سندھ کے شرقی اور غربی علاقہ میں آپ کے خلاف زبردست مخالفت اٹھ کھڑی ہوئی مگر آپ دیوانہ وار دعوت الی اللہ میں مصروف رہے اور کئی روحوں کو احمدیت میں لانے کا موجب بنے۔

(تاریخ احمدیت جلد2 ص164)

حضرت مولوی علی محمد صاحب

حضرت حکیم مولوی اللہ بخش خان صاحب زیروی (والد محترم ثاقب زیروی صاحب) پہلے جماعت کے شدید مخالف تھے اور اپنے احمدی استاد حضرت مولوی علی محمد صاحب سے کہا کرتے تھے۔

مولوی صاحب آپ کس جماعت کے پیچھے لگ گئے ہیں۔ جس کو قدم قدم پر گالیاں ملتی ہیں اور جس کے افراد کے ہر روز منہ سیاہ کئے جاتے ہیں۔ ماشاء اللہ آپ کا سارے علاقے ہی میں بڑا وقار ہے۔ مسجد سے معقول آمد ہے۔ ہم ایسے زمینداروں کے لڑکے آپ سے علم حاصل کرنا برکت اور سعادت خیال کرتے ہیں۔ دور دور تک آپ کا علمی دبدبہ ہے۔ آپ کو نہ جانے اس کتاب (آئینہ کمالات اسلام) میں کیا نظر آگیا ہے کہ آپ یکسر گداز ہی ہوگئے ہیں‘‘۔

مگر جب خود اس کتاب کا مطالعہ کیا تو وہی شخص اب وہی سنجیدگی کے ساتھ اپنے استاد مکرم کی اس تبدیلی عقیدہ پر غور کرنے لگا تھا اور اس کے دل میں احمدیت کے لئے تجسس و تحقیق کے لئے سچی تڑپ پیدا ہوگئی تھی۔

مکرم ثاقب زیروی صاحب بیان کرتے ہیں۔

اس مبارک و مسعود تخم ریزی کی اصل داستان مختصراً یوں ہے کہ ضلع جالندھر کے ایک رفیق حضرت مسیح موعود میاں جھنڈا دو ایک جمعوں پر حضرت مولوی علی محمد صاحب کو مسیح موعود کے ظہور پُرنور کا مژدہ سنانے آئے مگر دونوں دفعہ ان کے حکم پر مسجد سے دھکے دے کر نکال دیئے گئے۔ حتیٰ کہ وہ ایک دن حضرت مسیح موعود کے تیر بہدف نسخہ تزکیہ نفس آئینہ کمالات اسلام سے لیس ہو کر آدھمکے اور ایسی نشست باندھ کر کمان سے تیرا چھوڑا کہ عین سینے پر لگ کر آر پار ہوگیا اور حضرت مولانا گھائل ہوگئے اور اپنے سینے سے ٹکرا کر دامن میں آکر گرنے والی اس کتاب کے چند ہی صفحات کا مطالعہ کرنے کے بعد بے ساختہ پکار اٹھے۔

ہم تو اب تک اس شخص کو صرف فیضی زماں ہی سمجھتے رہے یہ تو امام زماں نکلا۔ اللہ بخش! اسی وقت جاؤ اور مسجد کے مدارالمہام سے کہہ آؤ کہ اپنی مسجد کے لئے کسی نئے خطیب و پیش امام کا انتظام کرلیں۔ کچھ عرصہ بعد حکیم اللہ بخش صاحب نے بھی ایک رویا دیکھ کر بیعت کرلی۔

(لاہور تاریخ احمدیت ص405)

محترم مولانا احمد رشید صاحب

بھارت میں مربی سلسلہ محترم مولانا احمد رشید صاحب نے ابتدائی تعلیم کے بعد دارالعلوم عربک کالج میں اور عمرآباد دارالسلام عربک کالج میں دینی تعلیم حاصل کی اور 1937ء میں افضل العلماء کی ڈگری حاصل کی۔ خدا تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کی تصنیف ’’آئینہ کمالات اسلام‘‘ کے عربی حصہ کے مطالعہ کے نتیجے میں مرحوم کو قبول احمدیت کی توفیق عطا فرمائی۔

(بدر قادیان 2/اکتوبر 1997ء)

الغرض یہ کتاب عرب و عجم کی سعید روحوں کے لئے زہر ہلاہل کے مقابلہ پر تریاق ثابت ہوئی۔ اس نے ہزاروں سینوں میں تقویٰ کے چراغ روشن کئے۔ بیشمار دلوں کو بتوں سے پاک کیا۔ معجزانہ عربی اور بے بدل عربی منظوم کلام کا نمونہ دکھایا۔ اس کے پاکیزہ قصیدہ کے عربی اشعار بچے بچے کی زبان پر ہیں اور ہر روز ایم ٹی اے کی سکرین سے گونجتے ہیں اور عشق محمدؐ کے آنسو بکھیرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ حضرت مسیح موعود کی روح پر ہزاروں برکتیں نازل فرمائے اور ان پر بھی جو اس کتاب سے استفادہ کرتے ہیں۔

بقیہ صفحہ 6 مکرم میاں محمد حیات صاحب

میں تبادلہ ہوگیا۔ ترقی کر کے لائن سپرنٹنڈنٹ کے عہدہ سے ریٹائر ہوئے۔ سمبڑیال میں زعیم انصاراللہ کی خدمت پر مامور ہیں۔ سید حمید الحسن کو اللہ تعالیٰ نے سات بیٹوں سے نوازا، ایک بیٹا سید سعید الحسن افریقہ میں بطور مربی سلسلہ خدمت کر رہا ہے۔ یہ سب محترم میاں صاحب کی دعاؤں اور مدد کا نتیجہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔

مکرم سید سعید الحسن صاحب مربی سلسلہ نے اپنے دادا جان مولوی عبدالوہاب حجازی کے قبول احمدیت کے بارہ میں الفضل 13 نومبر 2004ء کو ذکر خیر کیا ہے میرے دادا جان محترم میاں محمد حیات بٹ صاحب کی دعوت الی اللہ سے احمدی ہوئے تھے 1960ء کے عشرہ میں ضلع جھنگ میں ٹینڈر زمین گورنمنٹ سکیم کے تحت غیر زراعت پیشہ لوگوں کو 8/1 ایکٹر فی کنبہ الاٹ ہوئی محترم میاں صاحب نے اپنے تمام خاندان کے لوگوں کو زمین الاٹ کروا دی۔ اس کے بعد مکرم میاں صاحب چک 442 لیل ضلع جھنگ میں بود و باش رکھ لی زمیندارہ کی دیکھ بھال کے ساتھ کریانہ کی دکان بنالی بہت باہمت انسان تھے۔ خاکسار نے دیکھا کہ اکثر قرآن پاک کی تلاوت کرتے، اپنے احاطہ کے اندر بیت الذکر میں نمازوں کا اہتمام کرتے بلند آواز سے نداء کہتے۔ جو دور تک سنی جاتی۔ صدر پاکستان محمد ایوب خان کے دور میں محترم میاں محمد حیات صاحب کے بڑے بیٹے نذیر احمد بٹ نے BD ممبر کے طور پر الیکشن میں حصہ لیا، مقامی لوگ بھی بڑے بااثر زمیندار تھے جو مدمقابل تھے۔ میاں صاحب کی دعائیں اپنے بیٹے کے ساتھ تھیں۔ الیکشن میں کامیابی کی کوئی امید نہ تھی۔ لیکن میاں صاحب نے دعاؤں سے اپنے بیٹے کی مدد کی۔ ایسا ہوا کہ مقامی امیدوار ووٹ ڈالنے والی صندوقچی گھر میں بھول آئے ووٹنگ شروع ہوگئی وہ صندوقچی لینے دوسرے گاؤں گھوڑے پر سوار ہو کر گئے راستہ میں صندوقچی گری اور ٹوٹ گئی افراتفری میں بھاگ دوڑ کر کے پولنگ اسٹیشن پہنچے بہت سے ووٹ کاسٹ ہو چکے تھے۔ ان کا بیٹا محمد ایوب خان کی طرف سے امیدوار تھا اکثریت سے بی ڈی ممبر بن گیا۔ بی ڈی ممبر بننے کے بعد جو سب سے پہلا کام کیا وہ گاؤں کی کچی بیت الذکر کو پکی بنایا گیا۔ نہری پانی بیت الذکر کے نام پر گاؤں کے اکثر زمینداروں کے نام روپے واجب الادا تھے سب سے وصولی کر کے کچی بیت الذکر کو پکی بنایا۔ جس سے بہت نیک شہرت ہوئی گاؤں میں فیصلہ جات اور دیگر گاؤں کی بہبود کے کام احسن طریقہ سے کرتے رہے۔ غیر از جماعت لوگوں سے کئی دفعہ مناظرے ہوئے، مخالفت کے باوجود دعوت الی اللہ کا کام جاری رکھا۔ وقت کے ساتھ ساتھ محترم میاں صاحب کمزور ہوتے چلے گئے اکثر بیمار رہتے اس کے بعد اپنے دوسرے بیٹوں کے پاس سمن آباد فیصل آباد مستقل رہائش اختیار کرلی۔ اللہ تعالیٰ نے میاں صاحب کو کثرت اولاد سے نوازا، ایک سو سترہ بیٹے بیٹیاں پوتے پوتیاں نواسے نواسیاں اور آگے ان کی اولاد عطا ہوئے۔ پوتوں میں مربی سلسلہ مکرم نصیب احمد بٹ صاحب نائب صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ اور ان کا چھوٹا بھائی مکرم ظفر احمد بٹ صاحب افریقہ میں بطور مربی سلسلہ کی خدمت کی توفیق پا رہے ہیں۔

محترم میاں صاحب موصی تھے اپنی زندگی میں ہی حصہ جائیداد ادا کر دیا۔ مورخہ 14 دسمبر 1987ء کو 89 سال کی عمر میں وفات پائی۔ بہشتی مقبرہ قطعہ نمبر 18 میں مدفون ہیں اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے اعلیٰ علیین میں جگہ دے۔

ا۔نصیر

میرے نانا محترم حکیم خلیل احمد محمود صاحب معلم وقف جدید

میرے پیارے نانا جان محترم حکیم خلیل احمد محمود صاحب 11 مارچ 2010ء کو دن تقریباً ڈیڑھ بجے بروز جمعرات معمولی علالت کے بعد فضل عمر ہسپتال میں مولیٰ حقیقی سے جا ملے۔ آپ کی نماز جنازہ بعداز نماز جمعہ مورخہ 12 مارچ 2010ء کو بیت مبارک میں مکرم سید محمود احمد شاہ صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے پڑھائی اور بعداز تدفین مکرم مظہر اقبال صاحب ناظم ارشاد وقف جدید نے دعا کروائی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آپ کی نماز جنازہ غائب مورخہ 6 مئی 2010ء کو دن 12 بجے بیت الفضل لندن میں پڑھائی۔ اللہ آپ کو غریق رحمت کرے اور آپ کے درجات بلند کرے۔ آمین

آپ کی ولادت مکرم مہر خان بلوچ صاحب اور محترمہ صالح بیگم صاحبہ کے گھر 1933ء میں چاہ چوگی تحصیل شاہ پور ضلع سرگودھا میں ہوئی۔ آپ کے نانا محترم حکیم سردار خان صاحب اللہ یار خان صاحب جھنگ کے راجہ کے شاہی طبیب کے اکلوتے بیٹے تھے جو خود بھی مشہور زمانہ طبیب تھے۔ حضرت مسیح موعود کی اطلاع، کسی دوست نے براہین احمدیہ لا کر دی تو اس کے پڑھنے سے ہوئی اور بیعت کا خط لکھ دیا جسے حضرت مسیح موعود نے منظور فرمایا اس طرح خاکسار کے نانا جان پیدائشی احمدی تھے۔ نانا جان کے نانا کا اتنا اثر تھا کہ سارا گاؤں نانا جان کے ساتھ احمدی ہوگیا۔ نانا جان چند سال کے تھے کہ آپ کے والد صاحب کی وفات ہوگئی۔ اس طرح آپ اپنے بڑے بھائی مربی سلسلہ محترم مولوی محمود احمد خلیل مدرس مدرسہ احمدیہ قادیان کے ساتھ قادیان چلے گئے۔ ابتدائی تعلیم مدرسہ احمدیہ قادیان سے حاصل کی۔ میٹرک مکمل نہ کی تھی کہ دوسری جنگ عظیم میں وائرلیس آپریٹر بھرتی ہوئے جنگ کے اختتام پر دوبارہ تعلیم کی طرف توجہ کی اور یونانی طب کا امتحان پاس کرکے ڈاکٹری کے پیشے سے منسلک ہوگئے۔ عرصہ دراز تک فروکہ کے گورنمنٹ ہسپتال میں طبیب کے طور پر خدمات سرانجام دیں۔ فرقان بٹالین کے لئے جب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے آواز دی تو لبیک کہتے ہوئے فرقان بٹالین میں شمولیت کی سعادت پائی۔ اس کے بعد حضرت مصلح موعود کی وقف جدید کی تحریک پر اپنے ہسپتال کو خیرباد کہہ کر وقف جدید میں آگئے اور اولین معلمین میں خدمات کی سعادت حاصل کی اور تاحیات وقف جدید سے ہی منسلک رہے۔

پیارے نانا جان بہت ہی عظیم ہستیوں کے ہم مکتب رہے۔ جن میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اور میر محمود احمد صاحب اور بہت سے بابرکت وجودوں کے ساتھ تعلیم حاصل کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

پیارے نانا جان کو علم سے بہت محبت تھی خود تو میٹرک تک تعلیم حاصل کی لیکن ہزارہا طالب علموں کو انگلش، عربی، فارسی، اردو اور ریاضی پڑھاتے رہے اور قرآن پاک سے تو جنون کی حد تک عشق تھا پانچ سے چھ سیپاروں کی تلاوت بلاناغہ کرتے تھے اور ترجمہ وتفسیر کے ماہر تھے۔

وقف جدید میں طالب علمی کے دور کا ایک واقعہ ہے جب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع وقف جدید کے ناظم ہوا کرتے تھے تب آل پاکستان ترجمۃ القرآن کا مقابلہ ہوا جس میں نانا جان نے اول پوزیشن حاصل کی جس پر بعض کو یہ اعتراض تھا کہ وقف جدید کا طالب علم کس طرح اول آسکتا ہے۔ لہٰذا پیپروں کی ری چیکنگ (Re Checking) ہوئی لیکن پیارے نانا جان پھر بھی اول رہے جس پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع جو اس وقت وقف جدید کے ناظم تھے، بہت خوش ہوئے اور اس خوشی میں انہوں نے بہت بڑی دعوت کا اہتمام کیا اور نانا جان کو ایک سند عطا فرمائی جو ابھی تک ہمارے پاس محفوظ ہے۔

نانا جان کو نہ صرف قرآن کریم پڑھنے کا شوق تھا بلکہ قرآن کریم باترجمہ پڑھانے کا جنون کی حد تک شوق تھا انہوں نے سینکڑوں لوگوں کو قرآن کریم باترجمہ پڑھایا اور دنیا کے کئی ممالک میں ان کے قرآن کریم کے شاگرد موجود ہیں جن کا رابطہ تادم مرگ حضرت نانا جان سے رہا۔

پیارے نانا جان کو دعوت الی اللہ کا بھی بہت زیادہ شوق تھا ان کی دعوت الی اللہ سے سینکڑوں افراد جماعت میں داخل ہوئے۔ خدا پر بہت بھروسہ تھا اور بہت دعائیں کرنے والے تھے۔ دن کا اکثر حصہ دعاؤں اور قرآن پاک پڑھنے میں گزرتا تھا۔ دنیا سے کوئی لگن نہ تھی کوئی جائیداد نہیں بنائی بلکہ بنی بنائی بھی اپنی سادہ مزاجی اور توکل علی اللہ کے بل پر چھوڑ دی اور ہمیشہ خود کو خاکساری میں ہی رکھا۔ رسم ورواج سے سخت نفرت تھی اور بچوں کو بھی یہی سکھایا۔

پیارے نانا جان کا اللہ کے ساتھ بہت گہرا تعلق تھا تمام عمر الہام وکشوف کی زندہ مثال رہے ان کے سینکڑوں واقعات کھلی کتاب کی طرح تمام خاندان اور ملنے والوں میں روز روشن کی طرح مشہور ہیں۔

محترم نانا جان کو پیشاب (Urine) کی تکلیف رہتی تھی ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ سرگودھا سے ساہیوال جارہے تھے کہ راستہ میں (Urine) کی شدید حاجت ہوئی تو کنڈیکٹر سے بارہا بس روکنے کو کہا لیکن وہ مسلسل کہتا رہا میاں جی پہنچنے والے ہیں اور بس نہ روکی اس پر محترم نانا جان اٹھے اور بس پر زور سے پاؤں مارا اور اس سے مخاطب ہوکر کہا "رک جا" اور بس رک گئی تمام مسافر یہ نظارہ دیکھ رہے تھے۔ نانا جان نیچے اترنے لگے تو کنڈیکٹر نے کہا میاں صاحب بیٹھیں بس ابھی چل پڑے گی تو نانا جان نے بڑے جوش سے کہا گاڑی تب تک نہیں چلے گی جب تک میں واپس نہ آجاؤں۔ چنانچہ نانا جان نیچے اتر گئے اور جب واپس آکر اپنی سیٹ پر بیٹھے تو بس سٹارٹ ہوگئی تمام مسافروں کنڈیکٹر اور ڈرائیور کے منہ کھلے کے کھلے رہ گئے۔

خاکسار کی چھوٹی خالہ بتاتی ہیں کہ جب نانا جان خالہ جان کے پاس مقیم تھے تو ایک دفعہ انہیں بخار تھا اور وہ بیت الذکر نہیں جاسکتے تھے وہ نماز کے لئے اٹھیں تو ان سے پہلے نانا جان باتھ روم میں موجود تھے اور انہوں نے وضو کیا اور بیت الذکر چلے گئے اور وہاں بیت الذکر میں خالو جان اور بعض اور دوستوں کے ساتھ نماز فجر ادا کی۔ خالو جان گھر لوٹے تو خالہ جان نے پوچھا کہ ابا جان بیت الذکر سے گھر واپس نہیں آئے تو خالو نے کہا کہ ابھی وہ وہیں تھے۔ خالہ جان نانا جان کے کمرے میں نماز پڑھا کرتی تھیں۔ جب خالہ جان نے دروازہ کھولنا چاہا تو دروازہ Lock تھا اس وقت خالہ اور خالو جان اور ان کے بچوں کی حیرت کی انتہا نہ رہی۔ جب نانا جان نے اندر سے کنڈی کھولی اور اس وقت نانا جان کو تیز بخار تھا اور وہ بیت الذکر نہ جاسکے تھے۔ جبکہ خالو جان ان کے بچوں اور بعض دوست احباب نے انہیں بیت الذکر میں نماز پڑھتے ہوئے بچشم خود دیکھا تھا جبکہ نانا جان اپنے کمرے سے باہر ہی نہیں نکلے تھے۔ آخری دم تک نماز کا بہت اہتمام کیا کرتے تھے۔

پیارے نانا جان مربی سلسلہ مولوی محمود احمد خلیل مدرس مدرسہ احمدیہ قادیان کے چھوٹے بھائی تھے۔ پیارے نانا جان نے اپنی اولاد میں تین بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ بڑی بیٹی محترمہ امۃ اللطیف بیگم صاحبہ حال مقیم نصیر آباد رحمٰن محترمہ بشریٰ صدیقہ خانم صاحبہ والدہ طارق محمود طاہر صاحب مربی سلسلہ اور تیسری محترمہ مریم صدیقہ خانم صاحبہ حال مقیم میری لینڈ امریکہ ہیں۔

خدا کرے کہ حضرت نانا جان کے تمام اوصاف ان کے بچوں کو نسل درنسل ورثہ میں نصیب ہوں اور ان کی دعاؤں کا فیض تاقیامت ان کے بچوں اور جماعت پر محض بفضل اللہ تعالیٰ رہے اور ان کے درجات اللہ تعالیٰ بلند تر بلند فرماتا چلا جائے۔ آمین

مکرم سعید احمد بٹ صاحب

مکرم میاں محمد حیات صاحب کا ذکر خیر

مکرم میاں محمد حیات صاحب عرف حاطہ ولد جیون سکنہ بوہڑاں والا تحصیل بٹالہ ضلع گورداسپور مکرم میاں محمد حیات بٹ صاحب نے 1920ء میں بیعت کی تھی۔ آپ پڑھے لکھے نہیں تھے۔ گاؤں کے بعض لوگوں کے ساتھ قادیان گئے، خداداد فراست سے حضرت مصلح موعود کے ہاتھ پر بیعت کرکے جماعت میں داخل ہوگئے، قریبی جماعت دھرم پور بگہ میں باقاعدہ جماعت سے منسلک ہوگئے، قدآور اور مضبوط جسم کے مالک تھے۔ اپنے گاؤں میں بنی نوع انسان کی ہمدردی اور بہبود کا بہت جذبہ رکھتے تھے۔ اکثر لوگوں کے مابین فیصلہ جات کرتے 1946ء میں مسلم لیگ کے الیکشن میں بھرپور حصہ لیا۔ حضرت چوہدری فتح محمد سیال صاحب کی حمایت میں بہت کام کیا۔ عام طور پر میاں حاطہ کے نام سے معروف تھے۔ لطیفہ کے طور پر ایک بات ہے کہ الیکشن کے دنوں میں مرکز سلسلہ سے کسی افسر نے کہا کہ دو بسیں احاطہ میں بھیج دیں انہیں پتہ نہیں تھا کہ حاطہ ایک سوشل ورکر کا نام ہے، 1947ء میں پارٹیشن کے بعد RB112 تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں آباد ہوئے۔ وہاں ان کا بڑا بیٹا چوہدری نذیر احمد بٹ گاؤں کا سرکردہ رکن تھا کئی سال وہاں رہنے کے بعد فیصل آباد شہر آگئے، سمن آباد میں اپنے تمام خاندان کیلئے پلاٹ الاٹ کروا کر وہاں بودوباش رکھ لی۔ دعوت الی اللہ کا بہت شوق تھا ہر وقت اسی لگن میں رہے۔ 1960ء کے عشرہ میں ان کا بیٹا عبداللطیف بٹ نشاط ٹیکسٹائل ملز میں اسسٹنٹ ویونگ ماسٹر تھا۔ وہاں ان کا آنا جانا تھا نشاط ملز میں مولوی عبدالوہاب صاحب حجازی امام مسجد زیر دعوت تھے، مولوی صاحب احمدی ہوگئے، مسجد سے نکال دیا گیا، محترم میاں صاحب نے ان کا بہت ساتھ دیا، ان کا اکلوتا بیٹا سید حمید الحسن واپڈا میں لائن مین بھرتی کروایا جس سے ان کے حالات بہتر ہوگئے، مولوی صاحب مانانوالہ کے قریب 80 مربع نئی آبادی میں مقیم ہوگئے۔ وہیں انہوں نے وفات پائی اور تدفین ہوئی۔ سید حمید الحسن پہلے فیصل آباد میں رہے اس کے بعد سمبڑیال

باقی صفحہ 5 پر

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر104664 میں Jamila Ali

ولد Enaya th Ali قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 59 سال بیعت 1985ء ساکن ٹرینیڈاڈ اینڈ ٹوباگو بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 25-05-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی مکان (میں $\frac{1}{2}$ حصہ) واقع کیلیفورنیا اندازاً مالیت TT$ 300,000/- (2) زرعی اراضی (میں $\frac{1}{2}$ حصہ) واقع Caparo اندازاً مالیت TT$100,000/- اس وقت مجھے مبلغ $500/- ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔ Jamila Ali گواہ شد نمبر1 Rasheed Ackbarali گواہ شد نمبر2 Korisha

مسل نمبر104665 میں Attia Nasir

زوجہ Nasir Ahmad قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سیرالیون بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 14-10-09 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور وزنی 50 گرام اندازاً مالیت 125000/- روپے (پاکستانی) (2) حق مہر مبلغ 5000/- روپے (پاکستانی)۔ اس وقت مجھے مبلغ Leons 150,000/- ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔ Attia Nasir گواہ شد نمبر1 Dilmeer Ahmad yousuf گواہ شد نمبر2 Muneer Abubakr

مسل نمبر104666 میں

Namina Koroma

ولد Late Malik Foday Koroma قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 52 سال بیعت 2009ء ساکن سیرالیون بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 04-08-09 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ Leons150,000/- ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔ Namina Koroma گواہ شد نمبر1 Mahmood S Turay گواہ شد نمبر2 Naziru Coker وصیت 55834

مسل نمبر104667 میں Abul Waheed

ولد Ibitoye قوم ...... پیشہ تجارت عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21-02-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ 20,000/- نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Abul Waheed گواہ شد نمبر1 Zakariyya گواہ شد نمبر2 S.S.Ahmed

مسل نمبر104668 میں

Bashir udeen Abibu

ولد Ibitoye قوم ...... پیشہ تجارت عمر 34 سال بیعت 1994ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-03-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 20,000/- نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ Bashirudeen گواہ شد نمبر1 Zakariyya گواہ شد نمبر2 S.S.Ahmad

مسل نمبر104669 میں Yusuf

ولد Adeyinka قوم ...... پیشہ کاروبار عمر 44 سال بیعت 2005ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21-02-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 50,000/- نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ Yusuf گواہ شد نمبر1 Zakariyya گواہ شد نمبر2 S.S.Ahmed

مسل نمبر104670 میں Fatai

ولد Tiamiyu قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 55 سال بیعت 1984ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21-02-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 5000/- نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Fatai گواہ شد نمبر1 Zakariyya گواہ شد نمبر2 S.S.Ahmed

مسل نمبر104671 میں

Alhaji ABD Lateef

ولد Abefe قوم ...... پیشہ ٹریڈنگ عمر 47 سال بیعت 1995ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21-02-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 16000/- نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ Alhaji ABD Lateef گواہ شد نمبر1 Zakariyya گواہ شد نمبر2 S.S.Ahmed

مسل نمبر104672 میں

Atanda Kamar udeen

ولد Atanda قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 35 سال بیعت 1992ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21-02-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 20,000/- نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ Atanda Kamar udeen گواہ شد نمبر1 Zakariyya گواہ شد نمبر2 S.S.Ahmed

مسل نمبر104673 میں Surajudeen

ولد A.Ganiy قوم ...... پیشہ فارمر عمر 35 سال بیعت 2003ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21-02-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 10,000/- نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ Surajudeen گواہ شد نمبر1 S.S.Ahmed گواہ شد نمبر2 Zakariyya

مسل نمبر104674 میں Abdul Lateef

ولد Oladepo قوم ...... پیشہ ٹریڈنگ عمر 38 سال بیعت 1996ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21-02-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 22000/- نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ Abdul Lateef گواہ شد نمبر1 Zakariyya گواہ شد نمبر2 S.S.Ahmad

مسل نمبر104675 میں Sulaiman

ولد Abdul Kareem قوم ...... پیشہ بینکنگ عمر 27 سال بیعت 1990ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21-02-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ 22622/- نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Sulaiman گواہ شد نمبر1 Zakariyya گواہ شد نمبر2 S.S.Ahmad

مسل نمبر104676 میں Saliu

